SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
December 12, 2019

ایس ای سی پی نے مالیاتی شعبے میں جدت کی فروغ کے لئے ریگولیٹری سینڈ بکس متعارف کروادیا

اسلام آباد(دسمبر12)سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مالیاتی شعبے میں جدت اور نئ نئ مصنوعات اور خدمات کے فروغ کے لئے،ملک کا پہلا ریگولیٹری سینڈ بکس متعارف کروادیاہے۔اس حوالے سے ریگولیٹری گائیڈلائنزایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کردی گئیں ہیں۔

ریگولیٹری سیہںڈ بکس میں مالیاتی شعبے میں نئ مصنوعات اور خدمات اور بزنس ماڈل کو عوامی سطح متعارف کرنے سے پہلے ایک کنڑولڈر یگولٹری ماحول کا تجربہ کیا جاتاہے اوراس مالی پراڈکٹ کے لئے سازگارریگولیٹری ماحول،ضروری اقدمات اور مارکیٹ میں مقابلے کے رجحان اور سرمایہ کاروں کی طلب کااندازہ کیاجاتا ہے۔

ریگولیٹری سینڈ بکس کی سہولت ایس ای سی پی کے ریگولیٹری دائرہ میں آنے والے تمام شعبوں جسے کہ انشورنس، کیپیٹل مارکیٹ،نان بینکنگ فنانشل سیکٹراور تمام کارپوریٹ سیکٹر کے لئے دستیاب ہوگی۔ریگولیٹری سینڈ بکس میں کسی بھی مالی پراڈکٹ، سروس یاطریقہ کار کو تجرباتی طور پر محدودپیانے پر متعارف کروانے کے لئے کنڑولڈریگولیٹری ماحول خصوصی طور پر ترتیب دیاجاتاہے تاکہ اس مالی پراڈکٹ یاسروس کی مکمل طور پر جانچ کی جاسکے۔یہ سہولیات اور سازگار حالات عمومی طور پر صرف نئ پراڈکٹ وخدمات اور سٹارٹ اپ کے لئے فراہم کیاجاتاہے۔

ریگولیٹری سیہںڈ بکس دنیامیں تیزی سے مقبولیت پارہے ہیں۔اب تک تقریباًدنیاکے پچاس ممالک میں مالی شعبے کے لئے انہی مقاصد کے لئے ریگولیٹری سینڈ بکس متعارف کروائے جاچکے ہیں۔امید ہے کہ ایس ای سی پی کے ریگولیٹری سینڈ بکس سے ملک کے مالی شعبے میں نئ نئ پراڈکٹ اور خدمات، متعارف کروانے میں مدملے گی جبکہ یہ مالیاتی شمولیت میں اضافے میں بھی اہم ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005